# پاک-گلف لیزنگ کمپنی لمیٹڈ

## کوائف ممبران بورڈ آف ڈائریکٹرز

ا) جناب سہیل انعام الٰہی -چیئرمین

آپکا تقرر بحیثیت ایک نان ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر اور چیئرمین اپریل 2019 میں ہوا۔ آپنے سان ہوزے یونیورسٹی کیلیفورنیا سے بی-ایس-بزنس اڈمنیسٹریشن کی ڈگری حاصل کی پاکستان آنے کے بعد آپ خاندانی کاروبار میں شامل ہوئے اور اپنی محنت اور لگن سے خاندانی کاروبار کو مزید ترقی دلائی اور استحکام دیا۔ فی الوقت آپ کاروبار کی حیثیت میں آپ مندرجہ ذیل کمپنوں کے ساتھ منسلک ہیں:

- یونیبر وانڈسٹریز لمیٹڈ-چیف ایگزیکٹیو آفیسر
- یونائٹڈ برادرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ-ڈائریکٹر
- مڈ ایسٹ ایجینسیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ-ڈائریکٹر
- یونیبر و ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ-ڈائریکٹر
- یونیبر و گارمنٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ-ڈائریکٹر

آپنے ماضی میں آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کے ممبر کی حیثیت سے بھی گراں قدد خدمات سرانجام دے چکے ہیں-

۲) بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) نوید نصر خان، ستارہء امتیاز (ملٹری) - نان ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر

آپکا تقرر بحیثیت ایک نان ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر اپریل 2019 میں ہوا۔ آپنے پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول سے بی ایس سی کی ڈگری حاصل کی اور بعد ازآں بلوچستان یونیورسٹی سے واراسٹڈیز میں بی ایس سی (آنرز) کیا- علاوہ ازیں آپ کے پاس قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد سے واراسٹڈیز میں ایم ایس سی کی ڈگری بھی ہے-آرمی میں ایک شاندار کیریئر کے بعد آپنے پانچ سال بحیثیت ممبر-سندھ پبلک سروس کمیشن میں بھی ملازمت کی جسکا اختتام مئی 2008 میں آپکی ریٹائرمنٹ پر ہوا-

۳) جناب پرویز انعام - نان ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر

آپکا تقرر بحیثیت ایک نان ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر اپریل 2019 میں ہوا- آپ نے سندھ یونیورسٹی، حیدرآباد سندھ، پاکستان سے بی اے کی ڈگری حاصل کی اوراوائل عمری سے ہی خاندانی بزنس میں شامل ہوگئے- آپ مندرجہ ذیل اداروں کے ساتھ مختلف حیثیتوں سے منسلک ہیں:

- یونیبر وانڈسٹریز لمیٹڈ-ڈائریکٹر
- یونائٹڈ برادرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ-چیف ایگزیکٹیو آفیسر
- مڈ ایسٹ ایجینسیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ-چیف ایگزیکٹیو آفیسر
- یونیبر و ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ-چیف ایگزیکٹیو آفیسر
- یونیبر و گارمنٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ-چیف ایگزیکٹیو آفیسر

۴) جناب فواد سلیم ملک - نان ایگزیکیوٹو ڈائریکٹر

آپ اپریل 2019 میں ایک مرتبہ پھر ڈائریکٹر منتخب ہوئے - آپ نے ساؤتھ ویسٹرن یونیورسٹی، سڈنی، آسٹریلیا سے ایم بی اے کی ڈگری حاصل کی اور بعد ازیں پاکستان میں اپنی خاندانی بزنس سے منسلک ہو گئے جس میں مشہور زمانہ کاکس اینڈ کنگز کمپنی شامل ہے جو کلیئرنگ اینڈ فارورڈنگ اور ٹریول ایجنسی کے شعبے میں ایک نامور حیثیت رکھتی ہے۔ آپ سائرہ انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور، پاکستان کے بھی ڈائریکٹر ہیں - علاوہ ازیں آپ پاکستان کی معروف کمپنی سلیم ایجینسیز، کیریئر 360 اور کرنٹ نیٹورک انٹرنیشنل کے کاروباری امور کو بھی دیکھتے ہیں۔

آپ حال ہی میں تیسری مرتبہ کراچی جمخانہ کلب کے اعزازی صدر منتخب ہوئے ہیں -

۵) جناب اسماعیل ایچ. احمد - نان ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر

آپ کا تقرر بحیثیت ایک آزاد ڈائریکٹر کے اپریل 2019 میں ہوا۔ آپ نے 1984 میں انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹز آف پاکستان سے CA Final Group II پاس کیا۔ آپ انسٹیٹیوٹ آف ٹیکسیشن مینیجمنٹ اور انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ سیکریٹیریز اور مینیجرز پاکستان کے ممبر ہیں۔ آپ 1977 میں جانسن اینڈ جانسن، پاکستان سے منسلک ہوئے، جو کہ شعبۂ نگہداشت صحت، ادویات سازی، میڈیکل اور صحت کی تشخیصی ساز و سامان اور بہت ساری دوسری عمومی استعمال کی اشیاء کی تیاری، ترسیل و فروخت میں ایک مشہور زمانہ اور مقتدر بین الاقوامی نام اور حیثیت کا حامل ہے، آپ ستمبر 2005 میں جانسن اینڈ جانسن، پاکستان سے بحیثیت مینیجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیٹیو آفیسر ریٹائر ہوئے - 2007 سے 2013 تک آپ راحیل احمد اینڈ کمپنی میں محاسب، انٹرنل کنٹرول اور کارپوریٹ اور ٹیکس مشیر کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دیتے رہے۔ 2009 سے آپ مائنڈ سولیوشنز میں مشیر کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں۔

٦) جناب جان علی خان جونجو - آزاد ڈائریکٹر

آپ کا تقرر بحیثیت ایک آزاد ڈائریکٹر اپریل 2019 میں ہوا۔ آپ نے بی-اے (انٹرنیشنل ریلیشنز) سان فرانسسکو اسٹیٹ یونیورسٹی، کیلیفورنیا، یو-ایس-اے سے کیا۔ بعد ازیں آپ نے موروثی زرعی اراضی اور دیگر بزنسس کی نگہداشت اور انتظام جس میں کپاس اور کیلے کی کاشت اور کپاس کی روئی اوٹنا لائیو اسٹاک اور اسپرنکلر فارمنگ شامل ہیں سنبھالا اور اپنی محنت اور ذہانت سے ان تمام شعبوں میں قابلِ قدر خدمات سرانجام دیں۔

آپ مندرجہ ذیل اداروں کے ساتھ بھی مختلف حیثیتوں سے منسلک رہے:

- الحیات ڈیریز۔ ڈائیریکٹر
- کوالی کرافٹ انڈسٹریز لمیٹڈ۔ مینیجنگ پارٹنر
- زرعی ترقیاتی بینک پاکستان اور ممبر ہیومن ریسورس اور رسک مینیجمینٹ کمیٹیز۔ ڈائیریکٹر
- پاکستانی مندوب 49 اور 50 ویں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس اور ممبر تیسری کمیٹی برائے ہیومن رائٹس، کشمیر اور انسداد منشیات

۷) جناب نعیم علی محمد منشی - نان ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر

آپکا تقرر بحیثیت ایک نان ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر اپریل 2019 میں ہوا- فی الوقت آپ ہلال فوڈس (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور متعلقہ کمپنیز کے نگرانِ اعلی ہیں۔ آپ کا فوڈ پروڈکٹس کی تیاری' ترسیل اور مینیجمینٹ میں 38 سالہ تجربہ ہے۔ - آپ مندرجہ ذیل اداروں کے ساتھ بھی مختلف حیثیتوں سے منسلک ہیں:

- شالیمار فوڈ پروڈکٹس۔ مالک
- ہلال فوڈس (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر
- ہلال کئیر (پرایئیویٹ) لمیٹڈ۔ ڈائریکٹر
- یونیک فوڈ سروس کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ ڈائریکٹر
- میک پیک فلمز لمیٹڈ۔ ڈائریکٹر

۸) محترمہ نوئین احمد - آزاد ڈائریکٹر

آپکا تقرر کمپنی میں بحیثیت ایک آزاد ڈایئریکٹر ستمبر 2019 میں ہوا- آپ نے 1984 میں کراچی کے انسٹیٹیوٹ آف بزنش ایڈ منسٹریشن سے مارکٹنگ اور فنانس میں ایم بی اے کی ڈگری حاصل کی- بعد ازیں آپ نے باسٹن امریکہ کے مشہور ہارورڈ بزنس اسکول سے انٹرنیشنل بزنس سے بھی ایم بی اے کی ڈگری حاصل کی- آپ مارکیٹنگ اور برانڈ مینیجمینٹ کے شعبے میں اعلیٰ عہدوں پر کام کرنے کا طویل تجربہ رکھتی ہیں- جن مشہور بین الاقوامی اداروں سے آپ منسلک رہیں ان میں آئی سی آئی' جانسن اینڈ جانسن' یونی لیور' آغا خان یونیورسٹی ہاسپٹل شامل ہیں- علاوہ ازآں آپنے کچھ عرصے پی ایس او میں بحیثیت ڈپٹی جنرل مینیجر مارکیٹنگ بھی کام کیا- آپ پروفیشنل مینیجمینٹ ٹریننگ دینے کے علاوہ گرینچ یونیورسٹی میں تدریس کے شعبے سے بھی منسلک رہی ہیں۔